© rasailojaraid.com

تبصرے

گلشن ہند۔ از سید حیدر بخش حیدری مرتبہ ڈاکٹر محی الدین احمد آرزو۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۴۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد ۵ روپئے پتہ علمی مجلس دہلی

حیدری دہلی میں پیدا ہوا۔ پھر باپ کے ساتھ بنارس پہونچا اور وہاں سے کلکتہ پہونچ کر گلکرسٹ کے زمانہ میں فورٹ ولیم کالج میں منشی مقرر ہو گیا۔ تعلیم اگرچہ باقاعدہ اور مکمل نہیں تھی لیکن شاعری کا ذوق خداداد اور فارسی میں دسترس خاص تھا اسی حیثیت سے اس نے نثر و نظم میں متعدد کتابیں لکھی اور ترجمہ بھی کیا۔ انھیں کتابوں میں اس نے شعرائے اردو کا ایک مختصر تذکرہ بھی گلشن ہند کے نام سے ترتیب دیا تھا جو ۲۸۹ شعراء کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔ اس کا ایک مکمل نسخہ حیدری کی دوسری کتابوں کے ساتھ گلدستۂ حیدری نامی ایک مجموعہ باڈلین لائبریری (آکسفورڈ) میں موجود تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے بڑی مشکل سے اسے حاصل کیا اور قیام یورپ کے زمانہ میں ہی برٹش میوزیم لندن کے نسخہ سے اس کا مقابلہ کر لیا اور اب اسی کو اڈٹ کر کے شائع کیا ہے۔ علمی دنیا میں ڈاکٹر صاحب کا نام اور کام اب کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ ان کا اڈٹنگ ورک یورپ کے کسی بڑے سے بڑے مستشرق کے کام سے کم نہیں ہوتا۔ چنانچہ اسی تذکرہ کی ترتیب، تحقیق و تحشیہ میں جو غیر معمولی محنت انھوں نے کی ہے وہ قابل دید ہے۔ حیدری نے شاعروں کا تذکرہ ایک دو سطروں میں لکھا ہے اور وہ بھی اس طرح کہ ایک آدھ شعر نقل کر دیا اور وہ جنیں (؟) وہ چناں قسم کا شاعر تھا۔ اور بس! ڈاکٹر صاحب نے کم و بیش ہر شاعر پر نوٹ لکھ کر اس کی شخصیت اور کلام کے متعلق مفید معلومات بہم

© rasailojaraid.com